تبصرے

رسالوں کے خاص نمبر

الفرقان لکھنؤ کی اشاعت خاص: مرتبہ مولانا محمد منظور نعمانی ضخامت ۲۴۸ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت پانچ روپیہ، پتہ: کچہری روڈ، لکھنؤ

الفرقان ایک بلند پایہ دینی اور اصلاحی ماہنامہ ہے جو چالیس برس سے مسلسل بڑی پابندی اور باقاعدگی سے نکل رہا ہے، اس مدت میں اس میں بڑے اہم اور مفید مضامین اس کثرت سے شائع ہوئے ہیں کہ اگر ان سب کو یکجا کر دیا جاتے تو دینیات کی ایک انسائیکلو پیڈیا بن جاتے۔ اس اشاعت خاص میں گذشتہ فائلوں کے منتخب مضامین یکجا کر دئے گئے ہیں جو چھ ابواب: ایمان و اعتقاد، مسلمانوں کی کم نگہی، قادیانیت، شرک و بدعت، عبرت کی باتیں، اور دعوت تجدید و اصلاح پر منقسم ہیں، اسی طرح یہ مضامین تعداد میں ۳۶ ہیں، ان میں زیادہ تعداد تو خود فاضل مدیر کے قلم سے ہیں باقی مقالہ نگاروں میں مولانا سید مناظر احسن گیلانی۔ مولانا عبدالماجد دریابادی، مولانا ابوالحسن علی ندوی، مولانا نسیم احمد فریدی اور سعید احمد اکبرآبادی وغیرہم شامل ہیں، اگرچہ یہ مضامین پرانے ہو گئے، لیکن مسلمانوں کے عام حالات کے باعث یہ اپنی افادیت کے اعتبار سے آج بھی اتنے ہی اہم ہیں جتنے کہ پہلے تھے خدا مسلمانوں کو توفیق دے کہ وہ اس مجموعہ سے خاطر خواہ فائدہ اٹھائیں۔

زندگی کا تطلیقات ثلاثہ نمبر: مرتبہ مولانا سید احمد عروج قادری، پتہ: دفتر زندگی رام پور